India strongly condemns the heinous terror attack on a Gurudwara in Kabul today

March 25, 2020

بھارت نے آج کابل میں ایک گرودوارے پر ہونے والے گھناؤنے دہشت گردانہ حملے کی شدید مذمت کی

25 مارچ، 2020

ہم جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں، اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کرتے ہیں۔ بھارت افغانستان کی ہندو اور سکھ برادری کے متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے کے لئے تیار ہے۔

اقلیتی برادری کی مذہبی عبادت کی جگہوں پر اس طرح کے بزدلانہ حملے، خاص طور پر کووڈ 19 وبائی مرض کے اس وقت، مجرموں اور ان کی پشت پناہی کرنے والوں کی شیطانی ذہنیت کی عکاس ہے۔

ہم بہادر افغان سیکیورٹی فورسز کے زبردست ردعمل پر ان کی تعریف کرتے ہیں، اور افغان عوام کی حفاظت اور ملک کو محفوظ بنانے کے لئے ان کی مثالی ہمت اور لگن کی ستائش کرتے ہیں۔

بھارت ملک میں امن وسلامتی لانے کے لئے افغانستان کے عوام، حکومت اور سکیورٹی فورسز کی کوششوں میں ان کے ساتھ یکجہتی میں کھڑا ہے۔

نئی دہلی

25 مارچ، 2020

DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.